چیف منسٹر ریونت ریڈی نے عادل آباد ہوائی اڈے کی توسیع کیلئے راجناتھ سنگھ سے تعاون طلب کیا

نئی دہلی۔22/جون (ایجنسی) تلنگانہ کے وزیراعلی اے ریونت ریڈی نے پیر کو وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ سے ملاقات کی اور عادل آباد ہوائی اڈے کی توسیع اور ڈیفنس ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن (ڈی آر ڈی او) پروجیکٹ کے لیے تعاون طلب کیا۔ وزیراعلی نے قومی دارالحکومت میں میٹنگ کے دوران گاندھی سرور پروجیکٹ کے لیے وزارتِ دفاع کی زمین کی منتقلی میں مدد پر وزیر دفاع کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے مرکز کو عادل آباد میں مجوزہ ہندستانی فضائیہ کے ہوائی اڈے کی ترقی، خصوصاً زمین کے حصول اور مختلف سہولیات کی منتقلی سے متعلق امور میں تلنگانہ حکومت کی جانب سے مکمل تعاون کا یقین بھی دلایا۔ مسٹر ریڈی نے ریاستی حکومت کی جانب سے قومی سلامتی اور علاقائی ترقی کے لئے اس پروجیکٹ کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر ممکن مدد فراہم کرنے کی بات کہی۔ انہوں نے آئندہ فضائیہ کی تنصیب کے مزید توسیعی منصوبوں میں بھی تعاون کی یقین دہانی کرائی اور مسافروں کی آمد و رفت کو پورا کرنے کے لئے دفاعی ہوائی اڈے کے ساتھ ایک سول ایوی ایشن ٹرمینل قائم کرنے کی درخواست کی۔ وزیراعلی نے عادل آباد میں کارگو، مینٹیننس، مرمت اور اوور ہال (ایم آر او) اور ہینگر سہولیات کی ترقی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں عالمی ہوابازی کمپنیوں کے لیے ایک مرکز کے طور پر ابھرنے کی صلاحیت موجود ہے، خاص طور پر بدلتی ہوئی بین الاقوامی ہوابازی کی حرکیات کے تناظر انہوں نے وزیر دفاع سے ضلع محبوب نگر کے دیور کدرا کے قریب مجوزہ ایک بڑے ڈی آر ڈی او/ڈی آر ڈی ایل منصوبے کی منظوری کے عمل میں تیزی لانے کی بھی اپیل کی اور تلنگانہ کے لیے اس کی اسٹریٹجک اور اقتصادی اہمیت پر زور دیا۔

حیدرآباد میٹرو کیلئے قرض پر پیش رفت، ریلوے وزیر سے مذاکرات مثبت

نئی دہلی۔22/جون (ایجنسی) ریونت ریڈی وزیراعلی تلنگانہ اے ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ حیدرآباد میٹرو ریل کے لیے انڈین ریلوے فنانس کارپوریشن (IRFC) سے قرض کی فراہمی کے معاملے پر مرکزی وزیر ریلوے اشونی ویشنو کے ساتھ ہونے والے مذاکرات مثبت اور حوصلہ افزا رہے۔ وزیراعلی نے پیر کی شب نئی دہلی میں مرکزی وزیر ریلوے اشونی ویشنو اور مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی جی کشن ریڈی سے ملاقات کی۔ بعد ازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میٹرو منصوبے سے متعلق اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا اور بات چیت تعمیری انداز میں آگے بڑھی۔ ریونت ریڈی نے بتایا کہ اس معاملے پر مزید پیش رفت کے لیے وہ منگل کی صبح مرکزی وزیر برائے شہری امور منوہر لال کھٹر سے بھی ملاقات کریں گے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ حیدرآباد میٹرو کے توسیعی منصوبوں کے لیے درکار مالی وسائل اور مرکزی منظوریوں کے حصول میں مثبت نتائج سامنے آئیں گے۔

جناب سید جعفر حسین ایڈیٹر روزنامہ صدائے حسینی نے آج الاوہ بی بی مبارک دبیر پورہ میں حاضری دیتے ہوئے تاریخی علم بی بی مبارک کی زیارت کی انکے ہمراہ سید محمد قائم، جناب سید مجتبیٰ حسین زیدی، سید عنایت حسین، باقر علی، سید عبداللہ حسین، سید احمد حسین، مرزا کمیل علی اور دیگر موجود تھے۔

نوجوانانِ ماتا کی کھڑکی کی جانب سے سبیلِ نذرِ حسین کا اہتمام۔

موسیٰ فلڈ پلین پر غیر قانونی اسکول کی عمارت مسمار، 250 سے زائد طلبہ کا مستقبل غیر یقینی

حیدرآباد۔22/جون (سفیر نیوز/صدائے حسینی) حیدرآباد کے نارسنگی علاقے میں موسی ندی کے فلڈ پلین پر مبینہ طور پر غیر قانونی طور پر تعمیر کی گئی ایک نجی اسکول عمارت کو محکمہ ریونیو کے عہدیداروں نے اتوار کے روز مسمار کر دیا۔ حکام کے مطابق "دی ہامینی کریک اسکول کی عمارت تقریباً ایک ایکڑ سرکاری اراضی پر تعمیر کی گئی تھی، جو موسی ندی کے فلڈ پلین کے دائرے میں آتی ہے۔ تحقیقات کے بعد یہ پایا گیا کہ اسکول متعلقہ قوانین اور ضوابط کی خلاف ورزی کرتے ہوئے چلایا جا رہا تھا، جس کے بعد انہدامی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ عہدیداروں کا کہنا ہے کہ فلڈ پلین علاقوں میں غیر قانونی تعمیرات نہ صرف ماحولیاتی توازن کو متاثر کرتی ہیں بلکہ بارشوں اور سیلاب کے دوران عوامی سلامتی کے لیے بھی خطرہ بن سکتی ہیں۔ اسی مقصد کے تحت حکومت نے ایسے قبضوں اور غیر مجاز تعمیرات کے خلاف کارروائی تیز کر دی ہے۔ دوسری جانب اسکول کی عمارت مسمار کیے جانے سے والدین میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ اطلاعات کے مطابق اسکول میں 250 سے زائد طلبہ زیرِ تعلیم ہیں اور والدین نے بچوں کی تعلیم متاثر ہونے پر خدشات کا اظہار کیا ہے۔ کئی والدین نے مطالبہ کیا ہے کہ طلبہ کے تعلیمی مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے متبادل انتظامات کیے جائیں۔ حکام نے واضح کیا ہے کہ اس معاملے میں مزید تحقیقات اور قانونی کارروائی جاری رہے گی، جبکہ موسی فلڈ پلین میں موجود دیگر غیر قانونی تعمیرات کی بھی جانچ کی جا رہی ہے۔

بھتہ خوری اور دھمکیوں کے مقدمہ میں روڈی شیٹر گرفتار

حیدرآباد/22 جون) سفیر نیوز/صدائے حسینی (دبیر پورہ پولیس نے بلڈرس کو دھمکیاں دے کر بھاری رقم وصول کرنے والے ایک خطرناک روڈی شیٹر کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم کی شناخت 57 سالہ حبیب علی بغدادی کے طور پر ہوئی ہے جو ہیڈس روڈ پولیس اسٹیشن کا روڈی شیٹر ہے۔ پولیس کے مطابق دبیر پورہ پولیس اسٹیشن میں کرائم نمبر 103/2026 کے تحت بھارتیہ نیایا سنہتا (BNS) کی مختلف دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ ملزم پر الزام ہے کہ اس نے اجم پورہ کے معروف بلڈر سید یوسف شریف سے 50 لاکھ روپے بھتہ طلب کیا اور رقم نہ دینے کی صورت میں جھوٹے فوجداری مقدمات میں پھنسا کر جیل بھجوانے کی دھمکیاں دیں۔ شکایت کے مطابق تقریباً دو ماہ قبل ملزم ملک پیٹ میں زیر تعمیر عمارت میں زبردستی داخل ہوا اور وہاں موجود پلمبر کو دھمکاتے ہوئے بلڈر کے بارے میں پوچھ گچھ کی۔ اس دوران اس نے چاقو دکھا کر خوف و ہراس پھیلایا اور اپنی مانگ پوری نہ ہونے کی صورت میں بلڈر کی زندگی تباہ کرنے کی دھمکی دی۔ بعد ازاں 9 جون 2026 کو ملزم دوبارہ تعمیراتی مقام پر پہنچا اور واچ مین سمیت شکایت کنندہ کو رقم ادا کرنے کے لیے شدید دھمکیاں دیں۔ پولیس تحقیقات کے مطابق ملزم سعودی عرب سے واپس آنے کے بعد نئے تعمیر ہونے والے مکانات اور عمارتوں کے مالکان کو نشانہ بناتا تھا۔ وہ عمارتوں میں موجود مبینہ خامیوں کی تصاویر لے کر سوشل میڈیا پر مختلف سرکاری اداروں اور حکام کو ٹیگ کرتے ہوئے پوسٹ کرتا اور پھر انہی تصاویر کی بنیاد پر بلڈرس کو بلیک میل کر کے رقم کا مطالبہ کرتا تھا۔ رقم نہ ملنے پر متعلقہ سرکاری محکموں میں شکایات درج کرواتا تھا۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق ملزم کے خلاف ماضی میں بھی دھوکہ دہی، بھتہ خوری، دھمکی، غیر قانونی داخلہ اور دیگر جرائم سے متعلق آٹھ مقدمات درج ہیں۔ ملزم کی گرفتاری دبیر پورہ پولیس اسٹیشن کے سب انسپکٹر این نوین اور ان کی ٹیم نے انسپکٹر پی اوپاشنکر کی نگرانی میں عمل میں لائی۔ یہ کارروائی اے سی پی ملک پیٹ ایل راجا وینکٹ ریڈی اور ایڈیشنل ڈی سی پی چار مینار زون کے محمد مجید کی نگرانی میں انجام دی گئی۔ پولیس نے بتایا کہ مقدمہ کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

جناب محمد محمود علی سابق وزیر داخلہ تلنگانہ و بی آر ایس سینئر لیڈر نے آج الاوہ بی بی مبارک دبیر پورہ میں حاضری دی اور تاریخی علم بی بی مبارک کو ڈھٹی پیش کرتے ہوئے زیارت کا شرف حاصل کیا انکے ہمراہ جناب میر عنایت علی باقری بی آر ایس سینئر لیڈر جناب لطیف شرفن بی آر ایس لیڈر، جناب اعجاز علی بی آر ایس لیڈر، جناب منور علی مرزا بی آر ایس لیڈر، محترمہ سیدہ قیصر بی آر ایس ممبر اور دیگر موجود تھے۔

حیدرآباد میں لڑکے کو پاکستانی کہنے کے معاملہ میں نیا موڑ

حیدرآباد۔22/جون (سفیر نیوز/صدائے حسینی) جواہر نگر پولیس اسٹیشن حدود میں ایک نوجوان کو پاکستانی کہنے کے معاملے میں تازہ پیش رفت سامنے آئی ہے۔ سوشل میڈیا پر ویڈیو وائرل ہونے اور عوامی برہمی کے بعد پولیس نے متعلقہ شخص کے خلاف مقدمہ درج کر لیا تھا، جبکہ آج ملزم نے اپنے رویہ پر غیر مشروط معافی مانگ لی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کوڑنگل سے تعلق رکھنے والی شیخ نسیمہ کا پرا کے جنا پریا لیک فرنٹ اپارٹمنٹس میں مقیم ہیں۔ خرابی صحت کے باعث ان کے رشتہ دار کا لڑکا ندیم ان کی دیکھ بھال کے لیے حیدرآباد آیا تھا۔ اسی دوران نسیمہ کے چھوٹے بیٹے کی دوست پراچی بھی ناگزیر حالات کے سبب ان کے مکان میں رہنے لگی۔ پراچی کی پالتو بلیوں کو بالکنی میں رکھنے پر پڑوسیوں نے اعتراض کیا، جس کے بعد تنازع شدت اختیار کر گیا۔ خاتون کے مطابق اپارٹمنٹ کی مینجمنٹ کمیٹی کے بعض افراد نے ندیم اور ان پر بے بنیاد الزامات عائد کرتے ہوئے انہیں پاکستانی ایجنٹ قرار دیا، جبکہ ایک ذمہ دار نے نوجوان کو پاکستانی کہہ کر مخاطب کیا۔ اس واقعہ کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد شدید ردعمل سامنے آیا اور کارروائی کا مطالبہ کیا گیا۔ جواہر نگر پولیس نے شکایت کی بنیاد پر مقدمہ درج کر لیا ہے۔ دریں اثنا، آج اس معاملے میں نیا موڑ اس وقت آیا جب ملزم نے اپنے ریمارکس پر غیر مشروط معافی مانگ لی، تاہم پولیس کی جانب سے درج مقدمہ برقرار ہے اور مزید تحقیقات جاری ہیں۔

ایک ہی گھر سے چار افراد کی نعشیں برآمد

نلگنڈہ۔22/جون (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ کے نلگنڈہ شہر کے ساگر روڈ، تلنگانہ کالونی میں پیش آئے ایک دل دہلا دینے والے واقعہ میں ایک ہی خاندان کے چار افراد کی نعشیں مکان سے برآمد ہوئی ہیں۔ مکان سے شدید بدبو آنے پر مقامی افراد نے پولیس کو اطلاع دی، جس کے بعد پولیس نے موقع پر پہنچ کر تحقیقات شروع کیں۔ پولیس کے مطابق چاروں افراد کی موت تقریباً چار دن قبل ہوئی ہونے کا شبہ ہے۔ متوفیوں میں 45 سالہ ایم ڈی سلطان اور ان کی 40 سالہ بیوی حسینہ کے علاوہ 20 سالہ بیٹا مزمل اور 11 سالہ بیٹی افسرہ شامل ہیں سلطان پرکاشم بازار میں بیاگس کا کاروبار کرتے تھے جبکہ حسینہ ایک پرائیویٹ اسکول میں ٹیچر تھیں۔

هو الشافي
دعاؤں کی اپیل
تمام اہلِ ایمان سے مؤدبانہ گزارش ہے کے
مریم صبیح
دختر اکبر علی
زوجہ سید عنایت حسین
فی الحال انتہائی نازک حالت میں آئی سی یو (ICU) میں زیر علاج ہیں
آپ سب سے التماس ہے کہ ان کی صحتِ کاملہ اور جلد شفایابی کے لیے اللہ پاک کی بارگاہ میں خصوصی دعا فرمائیں۔
اللہ تعالیٰ اپنے حبیب ﷺ اور اہلِ بیتؑ کے صدقے مریم صبیح کو کامل شفا عطا فرمائے، تمام بیماریوں اور تکالیف کو دور فرمائے۔ ڈاکٹروں کے علاج میں اثر و برکت عطا فرمائے اور اہلِ خانہ کو صبر و حوصلہ نصیب فرمائے۔ آمین
برائے کرم سورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی اور دعائے شفا کی تلاوت فرما کر ان کے لیے دعا کریں۔
اَللّٰھُمَّ اشْفِ مَرْیَمَ صَبِیحَ شِفَاءً کَامِلًا عَاجِلًا لَا یُغَادِرُ سَقَمًا.
اے اللہ! مریم صبیح کو ایسی کامل اور عاجل شفا عطا فرما جو کسی بیماری کو باقی نہ چھوڑے۔ آمین
آپ کی ایک دعا اُن کے لیے زندگی کا سبب بن سکتی ہے

مخصوص
مجلس عزاء سید الشہداء
تاریخ: 7/محرم الحرام
23/جون 2026
بوقت: 4 بجے بروز منگل
بمقام: نیو گیٹ ویل کلینک 5ویں منزل
جس کو حجۃ السلام مولانا مرزا عسکری علی خاں صاحب قبلہ (فاضل قم) بیان فرمائیں گے۔
ماتمی گروہ انجمن العباس ماتم کا نذرانہ پیش کریں گے
آپ سب سے شرکت کا معروضہ
سید زاہد حسین عابدی (محمد رضا)

بسم اللہ الرحمن الرحیم
صد سالہ قدیم مجلس عزاء سالانہ
منجانب مبارک شہزادہ قاسم ابن سرکار حسن
بمقام عاشور خانہ شہزادہ قاسم کونڈہ موڑ گوگاؤں، بی بی نگر
تاریخ 7 محرم سنڑواں
بوقت ۳½ نصف شب
حجۃ الاسلام مولانا مرزا عسکری علی خاں صاحب قبلہ بیان فرمائیں گے
گروہ جعفری (آغا عباسی)، انجمن العباس، انجمن زین العابدین (لوہے کی کمان) سینہ زنی کرے گی۔
چشم براہ
فرزندان سید جعفر حسین جعفری مرحوم (موظف اے سی پی)
معروضہ: سید حیدر حسین جعفری (حیدرآباد) موروثی متولی

سہرے کی شکل میں بھی تو ماتم سے میل ہے
پھولوں کو آج تک بھی دکھ کا ملال ہے
یا شہزادہ قاسم
یوں لگا یہ کربل دوبارہ کربلا ہے
قدیم
مجلس عزاء سالانہ
بتاریخ 7/محرم روز اتوار
بوقت 10 بجے شب
بمقام: روضۃ المہدی، عطائے قاسم علی نگر کالونی، کھیت بالسٹی، حیدرآباد مقرر ہے
آفتاب عزا مولانا سید حیدر زیدی صاحب قبلہ بیان فرمائینگے
سواری علم مبارک آگ پر سے گذرے گی
دکن کی ممتاز انجمنیں و گروہان سینہ زنی کریں گے
مومنین سے پابندیٔ وقت شرکت کی گذارش ہے
جشم براہ
فرزندان و نبیرہ گان سید حیدر حسین جعفری زوار (حیدرآباد)
ابن مولوی سید جعفر حسین جعفری مرحوم (موظف اے سی پی)

QADEEM MAJALIS E AZA
(Bina Karda Ajdaad e Marhomeen Nawab Syed Ali Mohammed Khan (Shamsheer Jung II) and Nawab Mir Hussain Ali Khan)
قدیم مجالس عزا
(بناء کردہ اجداد مرحومین نواب سید علی محمد خاں (شمشیر جنگ ثانی) و نواب میر حسین علی خاں)
DATE: 1 TO 9,11,12 MOHARRAM
TIME: 12:00 NOON
KHATEEB: JANASHEEN - E AAL - E - JAWAD - UL - ULAMA - HUJJATUL ISLAM WA MUSLIMEEN AALIJANAB
MOULANA SYED MOHAMMED AQEEL SAHAB QIBLA (MOHAMMEDABADI)
FAZA'IL WA MASA'IB BAYAN FARMAYENGE
AAP KI SHIRKAT MAMNONIYAT KA BA'IS HOGI
ALDAYI: SYED MOHAMMED MUZAFFAR KHAN
ibne NAWAB SYED ABBAS ALI KHAN wa nabeer - e NAWAB MIR MOHAMMED SAYEED KHAN MARHOOM
MUQAAM: HUSSAINI KOTHI (DEWDI NAWAB MIR HUSSAIN ALI KHAN), DAREECHA-E- RANG-E-ALI SHAH, HYDERABAD
بتاریخ ۱ تا ۹، ۱۱، ۱۲ محرم الحرام بوقت ۱۲ ساعت دن مقرر ہے
خطیب: جانشین آل جواد العلماء حجۃ الاسلام والمسلمین
عالیجناب مولانا سید محمد عقیل صاحب قبلہ (محمد آبادی)
فضائل و مصائب بیان فرمائیں گے
آپ کی شرکت ممنونیت کا باعث ہوگی
الداعی: سید محمد مظفر خاں خلف نواب سید عباس علی خاں و نبیرۂ نواب میر محمد سعید خاں مرحوم
مقام: حسینی کوٹھی، ڈیوڑھی نواب میر حسین علی خان در پچہ رنگ علی شاہ، حیدرآباد
QADEEM MAJLIS-E-AZA SALANA 8TH MOHARRAM
12 BAJE DIN MUQARAR HAI
BAAD MAJLIS SAWARI-E-ALAM-MUBARAK HAZRATH ABUL FAZL-UL-ABBAS (A.S) UTHAYI JAYEGI
قدیم مجلس سالانہ ۸/محرم الحرام بوقت ۱۲ ساعت دن مقرر ہے
بعد مجلس سواری علم مبارک حضرت ابوالفضل العباسؑ اٹھائی جائیگی

یا حسینؑ
۳ سہ مجالس عزاء سالانہ
یا عباسؑ
۷/۸/۹ محرم الحرام
بسلسلہ شہادت امام حسینؑ شہدائے کربلا
بوقت ۱۰ بجے شب
بمقام: علی لاج، روبرو عزاخانہ زہراؑ دارالشفاء، حیدرآباد مقرر ہیں
خطابت: مبلغ ولایت، حجۃ الاسلام مولانا سید تقی رضا عابدی صاحب قبلہ صدر تنظیم جعفری
اور
مصائب: حجۃ الاسلام مولانا سید مہر عباس رضوی (جواد) صاحب قبلہ امام جمعہ کولکاتہ
بعنوان "اِنَّ الْحُسَیْنَ مِصْبَاحُ الْھُدٰی وَ سَفِیْنَۃُ النَّجَاۃ"
بیان فرمائیں گے
چشم براہ: فرزندان و نبیرہ گان سید جعفر علی موسوی صاحب مرحوم

VOICE صدائے حسینی
Sada-E-Hussaini
SUPPORT US
Be A Part Of Sada E Hussaini
: 9246500619

Classifieds
COURT NOTICE,
PUBLICE NOTICE,
CHANGE OF NAME,
OBITUARY AND
COMMERCIAL,
PUBLISHING IN
SADA-E-HUSSAINI DAILY
Contact : 9346938539 - 7795774816

ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر و مالک سید جعفر حسین نے روزنامہ 'صدائے حسینی' کوسری شیٹائی انٹر پرائزیز، پلاٹ نمبر 19، آئی ڈی اے بالانگر، آر آر ڈسٹرکٹ، تلنگانہ 037 500 (انڈیا) سے چھپوا کر 18-7-306/146، امان نگر (اے) سے شائع کیا۔ رجسٹرڈ نمبر: RNI No.APURD/2009/30780، پوسٹل رجسٹریشن نمبر HSE/910/213/215۔